## کمپنیز آرڈیننس 2016 کے تحت 40 کمپنیوں کااندراج

## نئے قانون پر نظر ثانی کے لیے کمشنر کانفرنس کاانعقاد کیاجائے گا، چیئرمین ایس ای سی پی

اسلام آباد ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر حجازی نے کہاہے کہ کمپنیز آرڈیننس 2016 کو متعارف کرانے کے بعد کمپنیوں کے اندراج میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئےانھوں نے کہاکہ نئے قانون کے نفاذ کے بعد مختلف شعبوں میں 40 کمپنیاں رجسٹر ہو چکی ہیں، کمپنیز آرڈیننس 2016 کے ذریعے ملک بھر میں تاجروں کو سہولتوں کی فراہمی کے باعث تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ چیئرمین نے کہاکہ قانون مختلف اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت اور ملکی کاروباری برادری کی سہولتوں کے لیے تجاویز اور مشوروں کو شامل کرنے کے بعد متعارف کرایا گیاہے،ایس ای سی پی نے کمپنیوں کی رجسٹریشن کا عمل آسان بنادیاہے، گزشتہ سال کے مقابلے میں کمپنیوں کے اندراج میں 12 فیصد اضافہ ہوا ہے، کمپنیز آرڈیننس کے نفاذ سے قبل بحث و مباحثہ کیاگیا، ملک کے تمام بڑے شہروں میں 6 سیمینار منعقد کیے گئے تاکہ مختلف شیئرہولڈرز اور کاروباری برادری کی آراحاصل کی جاسکیں۔ انھوں نے کہاکہ قانون کو مزید موثر بنانے کے لیے سفارشات اور تجاویز کاخیر مقدم کیاجائے گا،ایس ای سی پی قانون پر نظر ثانی کے لیے کمشنر کانفرنس کاانعقاد کرے گی تاکہ اسے زیادہ موثراور مستقبل کی ضروریات کے مطابق بنایاجاسکے،اس سے سرکاری اداروں میں انتظامیہ کے تعیناتی میں شفافیت کے ذریعے پبلک سیکٹر انٹرپرائزز کی کارکردگی میں بھی بہتری آئے گی۔انھوں نے مذکورہ قانون میں کمپنیز گلوبل رجسٹر آف بینی فیشل اونر۔ سیکشن 452 سمیت متعارف کرائے گئے متعدد نئے اقدامات کی نشاندہی بھی کی۔